No. of Printed Pages : 8

# BUDC-109

## B.A. Hons. (Urdu) (BAUDH)

### Term-End Examination

### December, 2025

### BUDC-109 : Urdu Adab Mein Tanz-O-Mazah

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب دینے لازمی ہیں۔ اور تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

۱۔ رضا نقوی واہیؔ کے سوانحی احوال و کوائف اور ادبی خدمات پر تبصرہ کیجیے۔ ۱۰





یا

درج ذیل متن کا مفہوم اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

’’قدرت کے کھیل نرالے ہیں۔ جب وہ دانت دیتی ہے تو چنے نہیں ہوتے۔ اور جب چنے دینے پر آتی ہے تو دانت ندارد۔ آغا کا المیہ یہ تھا کہ جب قدرت نے ان کو دانت اور چنے دونوں بخشے تو انہوں نے دانتوں کو استعمال نہیں کیا۔ لیکن جب دانت عدم استعمال سے کمزور ہوکر ایک ایک کرکے گر گئے تو انہیں پہلی دفعہ چنوں کے سوندھے



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

وجود کا احساس ہوا۔ پہلے تو بہت سٹ پٹائے۔ پھر دانتوں کو یاد کرکے خود روتے اور دنیا کو رُلاتے رہے''۔

۲۔ ظریفؔ لکھنوی کی حیات و خدمات پر ایک نوٹ لکھیے۔ ۱۰

یا

نظم ''گرومورفوڈ'' کے پس منظر پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔

۳۔ پطرس بخاری کی حیات و خدمات پر روشنی ڈالیے۔ ۱۰





یا

۱۸۵۷ء کے بعد اردو کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری پر تبصرہ کیجیے۔

(حصہ ب)

۴۔ مشتاق احمد یوسفی کی طنز و مزاح نگاری کا جائزہ لیجیے۔ ۱۵

یا

درج ذیل اشعار کا تجزیہ کیجیے۔

بھگوان مرے دل کو وہ زندہ تمنا دے
جو حرص کو بھڑکا دے اور جیب کو گرمادے
وادیٔ سیاست کے اس ذرے کو چمکادے
اس خادم ادنیٰ کو اک کرسیٔ اعلیٰ دے



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

اوروں کا جو حصّہ ہے مجھ کو وہی داتا دے
محروم بتاشا ہوں تو پوری نہ حلوا دے
ہاں مرغ مسلم دے ہاں گرم پراٹھا دے
سوکھی ہوئی آنتوں کو فوراً ہی جو چکنا دے
تحریر میں چستی دے تقریر میں گرمی دے
جنتا کو جو پھسلائے اور قوم کو بہکا دے
کرسی وزارت پر اک جست میں چڑھ جاؤں
تدبیر کو پھرتی دے تقدیر کو جھٹکادے
سکھلادے مجھے داتا وہ راز جہاں بانی
قطرے سے جو دریا دے دریا کو جو قطرہ دے





مفلس کی لنگوٹی تک باتوں میں اتروالوں
احسان کے پردے میں چوری کا سلیقہ دے
قاتل کی طبیعت کو بسمل کی ادا سکھلادے
خوں ریزی کے جذبے کو ہمدردی کا پردا دے
تھوڑی سی جو غیرت ہے وہ بھی نہ رہے باقی
احساس حمیت کو اس دل سے نکلوادے
القصہ مرے مالک تجھ سے یہ گزارش ہے
مرغی وہ عنایت ہو سونے کا جو انڈا دے

۵۔ اکبر الہٰ آبادی کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری سے بحث کیجئے۔ ۱۵



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

مرزا فرحت اللہ بیگ کی طنز و مزاح نگاری کے حوالے سے تفصیلی مضمون قلم بند کیجئے۔

(حصہ ج)

۶۔ طنز و مزاح کی روایت پر روشنی ڈالتے ہوئے عصر حاضر میں اردو طنز و مزاح کے منظرنامے سے مفصل بحث کیجئے۔ ۲۰

یا

کنہیا لال کپور کی حیات، ادبی خدمات اور ان کی طنز و مزاح نگاری پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔





۷۔ دلاور فگار کی حیات وا دبی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری کا مفصل جائزہ لیجئے۔ ۲۰

یا

رشید احمد صدیقی کے سوانحی احوال و کوائف بیان کرتے ہوئے ان کی طنز و مزاح نگاری پر مفصل اظہار خیال کیجئے۔

×××××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com